الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ 18 دسمبر 2020ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے صوبائی دفتر سندھ، کراچی میں 2015 ء میں کی گئی بھرتیوں کے حوالے سے شکایات کی بنیاد پر الیکشن کمیشن کے گریڈ 20 کے افسر کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی جس نے مکمل جانچ پڑتال کے بعد اپنی رپورٹ مجاز افسران کو جمع کرا دی تھی۔ اس رپورٹ کی روشنی میں مجاز افسران نے کارروائی کرتے ہوئے ملازمین کے خلاف کارروائی کی جس کے نتیجے میں شوکت علی ، جونئیر اسسٹنٹ ، شرجیل ، جونیئر پرسنل اسسٹنٹ ، اسداللہ جونیئر پرسنل اسسٹنٹ، سید انس مجاہد ، جونیئر پرسنل اسسٹنٹ ،وقاص احمد ، جونیئر پرسنل اسسٹنٹ،محمد شعیب افتخار ، جونیئر پرسنل اسسٹنٹ، اور سید محمد رضی، سنیئر اسسٹنٹ کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہے۔ جبکہ محمد آصف ، جونیئر اسسٹنٹ ، سید منیب علی ، سنیئر اسسٹنٹ ، قرآن خلیل ،سینئر اسسٹنٹ ، سید حارث محمود ، سنیئر اسسٹنٹ کو بھی ملازمت سے ہٹا دیا گیا ہے مزید برآں مختار علی جونیئر اسسٹنٹ ، اللہ بخش راہڑ ، سینئر اسسٹنٹ اور سید ضمیر حیدر ، اسسٹنٹ کو جبری ریٹائر کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں عبد القار ڈائریکٹر آئی ٹی ، تابندہ خلیق، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر اور سید سلمان سینئر پرسنل اسسٹنٹ کے خلاف کارروائی بھی آخری مراحل میں ہے۔